# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

## نوٹیفکیشن نمبر04/26

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ ون/ٹو)، اور علوم شرقیہ امتحان (پہلا سالانہ) **2026ء مورخہ 20-05-2026 سے** شروع ہوگا۔

مذکورہ امتحان میں شرکت کے لیے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم/امتحانی فیس کی وصولی بارے شیڈول حسب ذیل ہے امیدواران درج ذیل شیڈول کے مطابق اپنے داخلہ فارم آن لائن بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.bisegrw.edu.pk پر بھجوا سکتے ہیں۔

## شیڈول

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع/وصول کروانے کی تواریخ | **19** جنوری **2026**ء تا **11** فروری **2026**ء |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع/وصول کروانے کی تواریخ | **12** فروری **2026**ء تا **24** فروری **2026**ء |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع/وصول کروانے کی تواریخ | **25** فروری **2026**ء تا **09** مارچ **2026**ء |

## شرح فیس

| گروپ | داخلہ فیس انٹر (پارٹ I) | داخلہ فیس انٹر پارٹ (II) | داخلہ فیس کمپوزٹ | علوم شرقیہ |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ/آرٹس پریکٹیکل مضامین ریگولر | -/850 روپے | -/850 روپے | -/1700 روپے | -/1000 روپے فی طالب علم |
| آرٹس گروپ ریگولر بغیر پریکٹیکل | -/800 روپے | -/800 روپے | -/1600 روپے | |
| سائنس گروپ پرائیویٹ | -/900 روپے | -/900 روپے | -/1800 روپے | |
| آرٹس گروپ پرائیویٹ | -/850 روپے | -/850 روپے | -/1700 روپے | |

| | |
|---|---|
| سرٹیفکیٹ (سند) فیس ریگولر/پرائیویٹ امیدواران کے لیے | -/1200 روپے۔ یہ فیس انٹر پارٹ ٹو/علوم شرقیہ کا امتحان دینے والے امیدواران کو صرف ایک مرتبہ داخلہ فیس کے ساتھ جمع کروانا ہوگی۔ |
| رجسٹریشن فیس پرائیویٹ امیدواران | -/1000 روپے۔ یہ فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ |
| پروسیسنگ فیس انٹر پارٹ ون گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے | -/1000 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس انٹر پارٹ ون پرائیویٹ امیدواران | -/1000 روپے فی طالب علم |
| پروسیسنگ فیس انٹر پارٹ ٹو/علوم شرقیہ گورنمنٹ/الحاق شدہ ادارے/پرائیویٹ امیدواران | -/1000 روپے فی طالب علم |
| پوسٹل چارجز | -/200 روپے فی طالب علم (پرائیویٹ امیدواران) |

### ضروری ہدایات:

1. ریگولر امیدواران انٹر پارٹ ون کے امتحان کے لیے داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ=/1000 روپے جبکہ پارٹ ٹو میں داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس -/1000 روپے اور پرائیویٹ امیدواران انٹر پارٹ ون اور ٹو کے امتحان کی داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

جاری ہے----

2. ریگولر امیدواران جو انٹر پارٹ ون کے امتحان میں فیل ہونے کے بعد دوبارہ انٹر پارٹ ون میں Re-Admit ہوں وہ داخلہ فیس کے ساتھ پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 روپے بھی جمع کروائیں گے۔ جبکہ پرائیویٹ امیدواران جو دوبارہ انٹر پارٹ ون کا امتحان دے رہے ہیں وہ داخلہ فیس + رجسٹریشن فیس کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 روپے جمع کروائیں گے۔

3. ایسے ریگولر/پرائیویٹ امیدواران جنہوں نے انٹر پارٹ ون سالانہ میں %33 سے کم نمبر حاصل کئے اور انٹر پارٹ ٹو کے ساتھ انٹر پارٹ ون کے ان مضامین کا بھی امتحان دے رہے ہیں تو انہیں انٹر پارٹ ون اور ٹو کی پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ -/1200 روپے کے علاوہ داخلہ فیس انٹر پارٹ ون بھی جمع کروانی ہوگی۔

4. ریگولر/پرائیویٹ امیدواران جو انٹر پارٹ ٹو کا امتحان دے رہے ہیں وہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/1000 روپے + سرٹیفکیٹ اجراء فیس مبلغ -/1200 روپے + داخلہ فیس جمع کروائیں گے۔

5. امتحان ہائر سیکنڈری سکول (گیارہویں/بارہویں) پہلا سالانہ 2026ء کے لیے پرائیویٹ امیدواران اپنے داخلہ کے لئے بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisegrw.edu.pk سے چالان فارم حاصل کرتے ہوئے فیس کی ادائیگی اور ویریفیکیشن ہونے کے بعد ہی داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ تاہم بعد از تصدیق داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ بورڈ ہذا کی فیس بذریعہ حبیب بنک لمیٹڈ کی نامزد برانچز، JAZZ CASH ,EASY PAISA ,ONE BILL, HBL KONNECT کے ذریعہ جمع کروائی جاسکتی ہے۔ نیز متذکرہ بالا فیس شیڈول کی آخری تاریخ کو فیس جمع کروانے کی صورت میں اگلے تین ایام تک داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ بصورت دیگر تین ایام گزرنے کے بعد داخلہ فارم اپ لوڈ کرنے کے لئے رائج الوقت شیڈول کے مطابق فیس لاگو ہوگی۔

6. ایسے Re-appear امیدواران جو ایک یا ایک سے زائد فیل شدہ مضامین کا امتحان دے رہے ہیں جن کا پریکٹیکل نہیں ہے مگر اس سے پہلے وہ پریکٹیکل مضمون / مضامین پاس کر چکے ہیں تو انہیں سائنس گروپ کیٹگری میں داخلہ فیس جمع کروانا ہوگی۔

7. اگر کسی امیدوار کا داخلہ، فیس شیڈول کے مطابق دوسرے یا تیسرے فیز میں آیا تو اس سے مروجہ شیڈول کے تحت فیس وصول کی جائے گی۔

8. جمع شدہ فیس ناقابل واپسی ہے۔

9. پہلی دفعہ پرائیویٹ امیدواران سائنس گروپ اور دیگر پریکٹیکل والے مضامین میں امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

10. کوئی ادارہ/امیدوار ایک سے زائد داخلہ فارم بھجوانے کا مجاز نہیں ہوگا۔ ایسا کرنے پر بورڈ ہذا کے نوٹیفکیشن نمبر 46/17 مورخہ 26-10-2017 کے تحت ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

11. سربراہ ادارہ جات سے اس امر کو یقینی بنانے کی بھی درخواست ہے کہ وہ فون نمبر/موبائل نمبر کے کالم میں امیدوار کا فون نمبر یا اس کے والد/گارڈین کا فون نمبر ہی درج کریں۔ نیز ہر امیدوار کے داخلہ فارم پر ب فارم نمبر اور والد کا شناختی کارڈ نمبر بھی درست درج کریں۔

12. امتحان ہائر سیکنڈری سکول (گیارہویں/بارہویں) پہلا سالانہ 2026ء کے لیے ریگولر امیدواران کا تمام Data بورڈ ہذا کی آفیشل Web Site پر Upload کر دیا گیا ہے۔ جس سے ادارہ جات اپنے داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں گے۔ تاہم بعد از تصدیق بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازم ہوگا۔ نیز تمام فارورڈنگ لیٹرز (بشمول فنانس کے متعلقہ) بھی بورڈ کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

13. پرائیویٹ امیدوار اپنی رولنمبر سلپ آن لائن سسٹم/QR Code سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکے گا۔

## نوٹ:

i. سربراہ ادارہ جات کو مطلع کیا جاتا ہے۔ کہ وہ داخلہ فارم پر اصل امیدوار کے دستخط ونشان انگوٹھا ثبت کروائیں۔ تصدیق کے بعد غلط ثابت ہونے پر سربراہ ادارہ کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ii. ایسے امیدواران جو پارٹ ٹو میں شامل امتحان ہو چکے ہیں وہ صرف پارٹ ون کا نہ تو داخلہ فارم دوبارہ بھجوا سکتے ہیں اور نہ ہی امتحان دے سکتے ہیں۔

۔دستخط۔

**سید نوید حیدر شیرازی**

**کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن/چیئرمین گوجرانوالہ بورڈ**

**کاپی برائے اطلاع:**

1. جملہ سیکرٹریز انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈز، پاکستان
2. جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
3. جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز، ہائر سیکنڈری سکولز) ملحقہ بورڈ
4. جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ ریجن، گوجرانوالہ
5. جناب منیجر، حبیب بینک لمیٹڈ، بورڈ کیمپس اور دوسری برانچز کیلئے 50 کاپیاں
6. سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)
7. داخلی تقسیم

**اسسٹنٹ سیکرٹری (اکیڈمک)**

مورخہ: 20-01-2026